


# آپ کا کاروبار، آپ کا مستقبل!

---

اپنا کاروبار شروع کرنے
لیے مہاجرین تاجروں کے لیے
ایک بنیادی گائیڈ



# اعتراف

یہ رہنما کتابچہ New York Immigration Coalition اور Pratt Center for Community Development کی جانب سے تیار کیا گیا ہے، اور یہ نیو یارک میں اپنا کاروبار کرنے والے مہاجرین کو واضح معلومات اور وسائل فراہم کرنے کی ایک کوشش ہے۔ اس رہنما کتابچے کی اشاعت کے لئے Capital One، NYC Department of Youth and Community Development، New York City Council، اور Speaker's Office، بذریعہ New York Immigration Coalition's Key to the City Initiative، نے رقم فراہم کی ہے۔

اپریل 2019ء میں اشاعت کردہ

ڈیزائن از Ben Dodd، معاونت Sydney Céspedes, Sal Muñoz

تصاویر از June Lee

## نیویارک امیگریشن اتحاد (New York Immigration Coalition)

نیویارک امیگریشن اتحاد (New York Immigration Coalition) ایک غیرمنافع بخش ادارہ ہے جو ایک ایسی ریاست نیو یارک کا خواب دیکھتے ہیں جو اس وجہ سے زیادہ مضبوط ہے کیونکہ تمام افراد کو خوش آمدید کہا جاتا ہے، ان کے ساتھ مساوی سلوک کیا جاتا ہے، اور انہیں اپنے خواب پورا کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ یہ Coalition نیو یارک کے تمام شہریوں کی ترقی کے لئے مہاجرین، ممبران اور اتحادیوں کو متحد کرتا ہے۔

## پراٹ سینٹر برائے کمیونٹی ترقی (Pratt Center for Community Development)

پراٹ سینٹر برائے کمیونٹی ترقی (Pratt Center for Community Development) کم اور درمیانی آمدنی رکھنے والی کمیونٹیز کو نیو یارک کے تمام شہریوں کے لئے منصفانہ اور پائیدار شہر میں اپنے مستقبل کو کامیاب بنانے کے لئے منصوبہ بندی کرنے کا اختیار فراہم کرنے کے لئے شہری منصوبہ بندی، ریسرچ، پالیسی ایڈویکیسی، اور چھوٹے کاروباروں کو معاونت پیش کرتے ہیں۔

# فہرست مشمولات


**کیا آپ کاروبار شروع کررہے ہیں؟ آپ کو جو معلومات جاننے کی ضرورت ہے! ........ 6**

یہ رہنما کتابچہ استعمال کرنے کا طریقہ ........ 6

شروع کرنا ........ 7

کاروبار کی ساخت شروع کرنے کے لئے مفید مشورے ........ 11

**6 اقسام کی کاروباری ساخت ........ 15**

سول پروپرائٹرشپ ........ 16

عمومی پارٹنرشپ ........ 17

محدود پارٹنرشپ ........ 19

محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی (LLC) ........ 21

کارپوریشن ........ 23

ورکر کوآپریٹو ........ 26

**تعریفیں ........ 27**

**اہم دستاویزات ........ 28**

**وسائل ........ 29**

# نیویارک سٹی کونسل سپیکر کوری جونسن (Corey Johnson) کی جانب سے ایک پیغام

نیو یارک کے محترم شہری:

اپنا کاروبار شروع کرنے والے مہاجرین کے بغیر ہمارا من پسند شہر نیو یارک کا کوئی وجود نہیں ہوتا۔ یہ مہاجرین ہماری مقامی معیشت میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، اور ان کی افرادی قوت اور کاروبار کی ملکیت کی شرح بہت زیادہ ہے۔ بلکہ، نیو کار شہر کے آدھے کاروبار مہاجرین کے ہاتھ میں ہیں، اور 2017ء میں ان کا اس شہر کی جی ڈی پی میں 228 ارب ڈالر کا حصہ رہا تھا۔ تاہم، اپنا کاروبار شروع کرنے کی خواہش رکھنے والے مہاجرین کے لئے بہت کم وسائل میسر ہیں۔ مجھے مہاجرین کے کاروبار کے بڑھتے ہوئے شعبے کی معاونت کے لئے اس شہر کی کوششوں میں ایک اور وسیلہ شامل کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس ہورہی ہے۔ یہ نیو یارک کے شہروں کی کامیابی کی راہ میں تمام رکاوٹیں ہٹانے کو یقینی بنانے کا بہت اہم قدم ہے۔

ایک ایسے وقت میں جب وفاقی حکومت نیو یارک کے محنتی مہاجرین کو نشانہ بنا رہی ہے، مجھے بہت فخر محسوس ہورہا ہے کہ سٹی کونسل نے اس رہنما کتابچے کی تخلیق میں معاونت فراہم کی ہے۔ "آپ کا کاروبار، آپ کا مستقبل" امیگریشن، کاروبار اور ٹیکس کے قانونی ماہرین کے علاوہ مہاجرین کو سہولیات فراہم کرنے والے گروپس اور خود کا کاروبار شروع کرنے والے افراد کے ساتھ وسیع پیمانے پر مشاورت کا نتیجہ ہے۔ یہ ایک طرح سے اپنے طرز کی پہلی کوشش ہے۔ اس رہنما کتابچے میں ان تمام مہاجرین کو واضح اور مفید معلومات فراہم کی گئی ہے جو خود کا کاروبار شروع تو کرنا چاہتے ہیں لیکن انہیں معلوم نہیں ہے کہ آگے کیا کرنا ہے یا کس قسم کا کاروبار شروع کرنا ہے۔

یہ رہنما نیو یارک کے شہریوں کے لئے اہم وسیلہ ہے، لیکن ساتھ ہی اس وقت اس کی اشاعت کونسل کو پیغام بھیجتی ہے کہ یہاں مہاجرین کو خوش آمدید کہا جاتا ہے اور ہم اس شہر میں ان کے کردار کی قدر کرتے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ اس رہنما کتابچے کی مدد سے نیو یارک کے تمام شہری اگلا قدم لینے پر آمادہ ہوں گے!

آپ کی خدمت میں حاضر،



کوری جونسن (Corey Johnson)
نیویارک سٹی کونسل سپیکر

# ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کی جانب سے ایک پیغام


نیو یارک شہر 150 سال سے زائد عرصے سے مہاجرین کو نئے مواقع فراہم کررہا ہے۔ اور یہ مہاجرین اس شہر کی معیشت کو آگے بڑھانے میں بہت اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ مہاجرین نیو یارک کی افرادی قوت کا ایک چوتھائی حصہ ہیں، اور وہ اس شہر کی معیشت میں اربوں ڈالر اضافہ کرتے ہیں۔ لیکن مہاجرین نیو یارک کی افرادی قوت کا صرف حصہ ہی نہیں ہیں، بلکہ وہ اسے فعال طور پر تشکیل بھی دیتے ہیں: نیو یارک شہر میں 83,000 سے زیادہ کاروبار کے مالکان مہاجرین ہیں، یعنی چھوتے کاروباروں کے مالکان کی اکثریت مہاجرین پر مشتمل ہے۔

نیویارک امیگریشن اتحاد (New York Immigration Coalition) اور پراٹ سینٹر برائے کمیونٹی ترقی (Pratt Center for Community Development) کامیاب کاروبار شروع کرنے اور جاری رکھنے والے مہاجرین کے لئے قابل رسائی وسیلہ پیش کرنے میں بہت فخر محسوس کرتے ہیں۔ اپنا کاروبار شروع کرنے والے افراد کو اہم سہولیات فراہم کرنے والے کمیونٹی پر مشتمل گروپس، انکوبیٹرز، چھوٹے کاروباروں کے لئے سہولیات کا بہت بڑا نیٹورک موجود ہے، لیکن کئی لوگوں کے مطابق دستیاب مواد میں ناقابل رسائی زبان کا استعمال کیا گیا ہے۔ کاروبار شروع کرنے والے تمام افراد کو یہ مسئلہ درپیش ہوتا ہے، لیکن زبان اور ثقافتی رکاوٹوں کی وجہ سے مہاجرین کو خصوصی طور پر زیادہ مشکلات پیش آتی ہیں۔

اس رہنما کتابچے میں مہاجرین کو درپیش منفرد مسئلوں کے حل کے لئے متعدد زبانوں میں قابل رسائی معلومات فراہم کرکے ان رکاوٹوں کو حل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس معلوماتی وسیلے کے ذریعے نچلی سطح پر کام کرنے والے کمیونٹی پارٹنرز کو مہاجرین کی کمیونٹیز کو اہم معاونتی سہولیات فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ مہاجروں کے کاروباروں اور ان کاروباروں کی وجہ سے ملازمت میں اضافے کو معاونت فراہم کرنے سے نیو یارک کی معاشتی ترقی کو تقوت ملے گی اور نیو یارک میں رہنے والے تمام افرام کو زیادہ مواقع دستیاب ہوں گے۔

خلوص کے ساتھ،





سٹیو چوئی (Steve Choi)
ایگزیکٹو ڈائریکٹر
نیویارک امیگریشن اتحاد
(New York Immigration Coalition)

آدم فریڈمان (Adam Friedman)
ایگزیکٹو ڈائریکٹر
پراٹ سینٹر برائے کمیونٹی ترقی
(Pratt Center for Community Development)

# کیا آپ کاروبار شروع کررہے ہیں؟ آپ کو جو معلومات جاننے کی ضرورت ہے!

## یہ رہنما کتابچہ استعمال کرنے کا طریقہ

مہاجرین کی کارجوئی اس ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ ریاست نیو یارک میں خود کا کاروبار کرنے والی رہائشیوں کا 33.8 فیصد حصہ ان مہاجروں پر مشتمل ہے، اور ان کے کاروباروں سے 7.2 ارب ڈالر تک کی آمدنی ہوتی ہے۔[1] امریکہ میں پیدا ہونے والوں کے مقابلے میں مہاجرین کا خود کا کاروبار شروع کرنے کا دگنے سے زیادہ امکان موجود ہونے کے باوجود، ان مہاجرین کی معاونت کے لئے وسائل کا فقدان ہے۔[2]

**یہ رہنما کتابچہ امیگریشن سٹیٹس سے قطع نظر ان تمام مہاجرین کے لئے تیار کیا گیا ہے جو اپنا کاروبار کرنا چاہتے ہیں یا کررہے ہیں، تاکہ آپ کی ریاست نیو یارک میں اپنا کاروبار شروع کرنے اور چلانے کے اختیارات کے متعلق سمجھ بوجھ میں اضافہ ممکن ہو۔** یہ رہنما کتابچہ بطور عمومی جائزہ فراہم کیا گیا ہے، اور اس میں آپ کو موزوں کاروباری ساخت کے متعلق فیصلہ کرنے، اپنا کاروبار قائم کرنے کی ضروریات، اور کاروبار جاری کرنے کے لئے متوقع فیس اور ٹیکسز کے متعلق معلومات شامل ہیں۔

یہ رہنما کتابچہ کسی مخصوص صنعت یا شعبے کے لئے ضروری لائسنسز یا اجازت ناموں جیسی ضروریات پر محیط نہیں ہے۔ **اس رہنما کتابچے میں قانونی یا ٹیکس کے متعلق مشاورت شامل نہیں ہے۔** خود کا کاروبار کرنے والے مہاجرین کو اپنے انفرادی امیگریشن، کاروبار، یا ٹیکس کی ضروریات اور پابندیوں کے متعلق قانونی مشاورت حاصل کرنے کے سلسلے میں حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے اس رہنما کتابچے کے وسائل کے حصے سے رجوع کریں۔ اس رہنما کتابچے میں موجود معلومات اکتوبر 2018ء تک درست ہیں، اور اس میں تجدید نہیں کی جائے گی۔

1. "نیو یارک میں مہاجرین۔" (اکتوبر 4، 2017ء) American Immigration Council www.americanimmigrationcouncil.org/research/immigrants-in-new-york.
2. "The Economic Case for Welcoming Immigrant Entrepreneurs." (ستمبر 8، 2015ء). Kauffman Foundation www.kauffman.org/what-we-do/resources/entrepreneurship-policy-digest/the-economic-case-for-welcoming-immigrant-entrepreneurs

# شروع کرنا

## آزادانہ ٹھیکے دار بقابلہ ملازم؟ (اور یہ اہم کیوں ہے)

کئی مہاجرین کو امریکہ میں اچھے معاوضے پر ملازمت حاصل کرنے کے سلسلے میں کئی رکاوٹوں کا سامنا ہوتا ہے۔ کاروبار کی ملکیت سے مہاجرین کو مالی طور پر آگے بڑھنے کا موقع مل سکتا ہے۔ خصوصی طور پر، اگر آپ کو امریکہ میں بطور ملازم کام کرنے کی اجازت نہ ہو تو آپ اپنا کاروبار شروع کرکے گزر بسر کرسکتے ہیں۔

کسی بھی آجر کے لئے کسی ایسے شخص کو ملازمت پر رکھنا غیرقانونی ہے جو امریکہ میں کام کرنے کا اختیار نہیں رکھتا ہے۔ ہر آجر کے لئے اپنے ملازمین کے کام کرنے کے اختیار کی تصدیق کرنے کے لئے مندرجہ ذیل طریقوں کا استعمال ضروری ہے:

- فارم نمبر I-9 پر کرنا
- ملازم کے شناختی دستاویزات (جیسے کہ سوشل سیکورٹی نمبر، گرین کارڈ، پاس پورٹ وغیرہ) کا معائنہ کرنا

وفاقی یا نیو یارک کے قانون کے مطابق کام کرنے کا اختیار نہ رکھنے والے مہاجر کے خود کا کاروبار کرنے یا خود کے لئے ملازمت کرنے پر کوئی مخصوص ممانعت نہیں ہے۔ خود کے لئے کام کرنے والے شخص کو بعض دفعہ "آزادانہ ٹھیکے دار" کہا جاتا ہے۔ آزادانہ ٹھیکے داروں کے لئے نیا کانٹریکٹ شروع کرتے وقت ہمیشہ فارم نمبر I-9 پر کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اگر آپ اس رہنما کتابچے میں بیان کردہ طریقے کے مطابق بحیثیت علیحدہ قانونی ادارہ کاروبار قائم کرتے ہیں، تو یہ قانونی ادارہ کاروبار کرسکتا ہے، جس میں مصنوعات اور سہولیات کی فراہمی اور معاہدے طے کرنا شامل ہیں۔

عملی طور پر، کئی مہاجرین امیگریشن سٹیٹس کے قطع نظر اپنا کاروبار شروع کرکے پیسے کمانا شروع کرسکتے ہیں۔ خود کا کاروبار شروع کرنے والے افراد کے لئے آپ کے کاروبار کی عملیات پر قابل اطلاق قوانین، بشمول ٹیکس کی ادائیگی، کے متعلق قوانین کی تعمیل بہت ضروری ہے۔ آپ کو اس بات سے بھی باخبر ہونا ضروری ہے کہ کاروبار شروع کرنے کے لئے حکام اور بینکس کے پاس دستاویزات جمع کروانا ضروری ہے، اس سے امریکہ سے ملک بدری کی روک تھام اور قانونی حیثیت کے حصول کی ضمانت نہیں دی جاسکتی ہے۔ تاہم، بعض دفعہ، امیگریشن کارروائیوں میں ججز کاروبار کی ملکیت اور ٹیکس کی ادائیگی کو مد نظر رکھتے ہوئے نرمی برت سکتے ہیں۔

## آپ کو کیسے معلوم ہوگا کہ آپ آزادانہ ٹھیکے دار ہیں یا نہیں

اس بات کا تعین کرنا مشکل ہے کہ آپ آزادانہ ٹھیکے دار ہیں یا ملازم، اور آپ کو اپنی مخصوص صورتحال میں ہمیشہ قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہیے۔

آزادانہ ٹھیکے دار خود کے لئے کاروبار کرتے ہیں اور اپنے کلائنٹس کو اپنی مصنوعات یا سہولیات فراہم کرتے ہیں۔ آپ کے کلائنٹس کے بجائے آپ کے خود کا اپنی مصنوعات یا سہولیات اور اپنے کاروباری کے مالی پہلوؤں پر جتنا زیادہ اختیار ہوگا، آپ کو ملازم کے بجائے آزادانہ ٹھیکے دار تصور کرنے کے امکان میں اتنا زیادہ اضافہ ہوگا۔ اگلے صفحے پر ملازمین اور آزادانہ ٹھیکے دار کے سٹیٹس کے درمیان موازنے کے لئے نمونے کے طور پر چند چیک لسٹس موجود ہیں۔


اگر آپ اپنے کاروبار کے لئے علیحدہ قانونی ادارہ قائم کرتے ہیں تو یہ قانونی ادارہ کلائنٹس کو مصنوعات یا سہولیات فراہم کرسکتا ہے۔ عمومی طور پر آپ کو اس صورت میں ملازم تصور **نہیں** کیا جائے گا**اگر آپ اپنا خود کا کاروبار چلاتے ہیں اور اس کی ملکیت رکھتے ہیں۔** یہی وجہ ہے کہ کام کی اجازت نہ رکھنے والے کاروباری افراد کو مندرجہ ذیل کا مشورہ دیا جاتا ہے:

- اپنے کاروبار کی مکمل یا قابل قدر طور پر ملکیت رکھنا، اور
- اپنے کاروبار کے عملیات پر قابو رکھنا۔

# ملازم یا آزادانہ ٹھیکے دار؟

میں بطور ہاؤس کیپر کام کرتی ہوں اور مختلف کلائنٹس کو سہولیات فراہم کرتی ہوں۔ میرے پاس ایک ویب سائٹ ہے جس میں میری فراہم کردہ سہولیات کے نرخ درج ہیں۔ مجھے گھنٹہ وار اجرت کے بجائے اپنی فراہم کردہ سہولیات کا معاوضہ ملتا ہے۔ کلائنٹس میری سہولیات، انٹرنیٹ یا فون اپوائنٹمنٹ کے ذریعے حاصل کرنے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ کلائنٹس اپنا صفائی کا سامان فراہم کرتے ہیں۔

میں ایک گھرانے کے لیے پیر سے جمعہ صبح 8 بجے سے دوپہر 4 بجے تک بطور ہاؤس کیپر کام کرتی ہوں۔ میں نے مذاکرات کے بعد اپنا معاوضہ 15 ڈالر فی گھنٹہ طے کیا ہے، اور میں مہنگائی کا مقابلہ کرنے کے لیے ہر سال تنخواہ میں اضافہ کرواتی ہوں۔ میں جس خاندان کے لئے کام کرتی ہوں، وہ صفائی کا سارا سامان فراہم کرتے ہیں۔ مجھے روز کیا کام کرنا ہے، مجھے تحریری طور پر بتایا جاتا ہے۔ بعض دفعہ ویک اینڈ پر میں اپنی آمدنی میں اضافے کے لئے دوسرے گھروں میں بھی کام کرتی ہوں۔



| | ہاؤس کیپر A | ہاؤس کیپر B |
|---|---|---|
| کاروبار کے لئے جگہ رکھنا | | ✓ |
| اپنی عمارت، مواد، آلات اور سامان میں قابل قدر سرمایہ کاری | | |
| نفع اور نقصان کے مالی خطرات کی ذمہ داری لینا | | ✓ |
| اپنا معاوضہ خود مقرر کرنا یا مذاکرات کرنا | ✓ | ✓ |
| اپنے ملازمین کا خود انتخاب کرسکتے ہیں | | ✓ |
| ملازمت کی پیشکشوں سے انکار کرنے کا اختیار رکھتے ہیں | | ✓ |
| دوسرے کلائنٹس کو سہولیات پیش کرسکتے ہیں | ✓ | ✓ |
| کام کے طریقہ کار، وقت اور مقام پر اختیار رکھتے ہیں | | ✓ |
| | میں ملازم ہوں | میں آزادانہ ٹھیکے دار ہوں |

# ملازم یا آزادانہ ٹھیکے دار؟

میں کسی کمپنی کو حسب ضرورت اکاؤنٹنٹ کی سہولیات فراہم کرتی ہوں۔ جب کمپنی کو میری ضرورت پڑتی ہے، وہ متعین کرتے ہیں کہ میں کس روز اور کتنی دیر تک کام کروں گی۔ مجھے سہولت کی فراہمی مکمل ہونے کے بعد معاوضہ دیا جاتا ہے، اور گھنٹہ وار بنیاد پر اجرت نہیں دی جاتی۔ جب مجھے رقم موصول کرنے کی ضرورت ہو، میں اس کمپنی کو انوائس بھیجتی ہوں۔ میں کئی دوسری کمپنیوں کے لئے کسی قسم کا اکاؤنٹنگ کا کام کرتی ہوں۔ میں اپنے گھریلو دفتر سے کام کرتی ہوں اور اپنے جائے کار کا کمپیوٹر استعمال کرتی ہوں۔





میں بحیثیت اکاؤنٹنٹ کسی کمپنی کے لئے ہفتے میں 30 گھنٹے، ہمہ وقتی طور پر کام کرتا ہوں، اور مجھے ہفتہ وار بنیاد پر تنخواہ دی جاتی ہے۔ میں عام طور پر اپنا کمپیوٹر استعمال کرتے ہوئے گھر پر کام کرتا ہوں۔ اگر میں چاہوں تو میں جس کمپنی کے لئے کام کرتا ہوں، اس سے صحت کی مراعات حاصل کرسکتا ہوں۔ بعض دفعہ جب میں اس کمپنی کے لئے کام نہیں کرتا، میں دوسری چھوٹی کمپنیوں سے ملازمت کی پیشکشیں قبول کرتا ہوں۔

| | اکاؤنٹنٹ A | اکاؤنٹنٹ B |
|---|---|---|
| کاروبار کے لئے جگہ رکھنا | ✓ | ✓ |
| اپنی عمارت، مواد، آلات اور سامان میں قابل قدر سرمایہ کاری | ✓ | ✓ |
| نفع اور نقصان کے مالی خطرات کی ذمہ داری لینا | | ✓ |
| اپنا معاوضہ خود مقرر کرنا یا مذاکرات کرنا | | ✓ |
| اپنے ملازمین کا خود انتخاب کرسکتے ہیں | | ✓ |
| ملازمت کی پیشکشوں سے انکار کرنے کا اختیار رکھتے ہیں | | ✓ |
| دوسرے کلائنٹس کو سہولیات پیش کرسکتے ہیں | ✓ | ✓ |
| کام کے طریقہ کار، وقت اور مقام پر اختیار رکھتے ہیں | | ✓ |
| | میں ملازم ہوں | میں آزادانہ ٹھیکے دار ہوں |

# کاروباری ساخت منتخب کرنے کے لئے مفید مشورے

اب جب آپ نے کاروبار شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، آپ کو یہ متعین کرنا ہوگا کہ آپ کے لئے کس قسم کا کاروبار موزوں رہے گا! اس حصے میں آپ کے کاروبار کی ساخت کے لئے مختلف اختیارات کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہے۔

کچھ کاروبار کی ساختوں کے قوانین اور فائلنگ کی ضروریات زیادہ پیچیدہ ہیں اور ان کے سٹارٹ اپ کے اخراجات بھی زیادہ ہیں۔ دوسری اقسام کے کاروباروں کو قائم کرنا زیادہ آسان ہے، اور کاغذی کارروائی اور فیس بھی کم ہے، لیکن کاروبار کے مالک کو مالی طور پر زیادہ خطرہ بھی درپیش ہے۔ اپنی ضروریات کے لحاظ سے بہترین کاروباری ساخت کا انتخاب کرنے کے لئے، نیو یارک کی ریاست میں کاروبار کی اقسام کے متعلق چند بنیادی تصورات سمجھنا ضروری ہے۔

## اپنے ذاتی مالیات کا تحفظ

کاروبار ایک علیحدہ قانونی حیثیت رکھنے والے ادارے کی شکل اختیار کرسکتا ہے جو کاروبار کے مالک سے علیحدہ ہو۔ کسی بھی شخص کی طرح، ایک قانونی حیثیت رکھنے والا ادارہ معاہدے کرنے، کریڈٹ حاصل کرنے، قرضے لینے اور مقدمے دائر کرنے کی قانونی صلاحیت رکھتا ہے، اس پر مقدمے دائر کئے جاسکتے ہیں، اور اسے اپنے اقدام کے لئے ذمہ دار ٹھہرایا جاسکتا ہے۔

اگر آپ کا کاروبار ایک علیحدہ قانونی حیثیت رکھنے والا ادارہ تو آپ کے پاس**محدود ذاتی ذمہ داری** ہوسکتی ہے۔ آپ کے کاروبار کے قرضوں کی ذمہ داری عام طور پر آپ کی ذاتی سرمایہ کاری تک محدود ہے۔ اگر آپ کا کاروبار ایک علیحدہ قانونی حیثیت رکھنے والا ادارہ ہے اور اس پر مقدمہ دائر کردیا جائے تو عام طور پر آپ کے ذاتی اثاثہ جات، جیسے کہ آپ کا گھر یا آپ کی گاڑی، کاروبار کے مطالبہ جات کو پورا کرنے کے لئے ضبط ہونے سے محفوظ رہتے ہیں۔ علیحدہ قانونی ادارے کی حیثیت سے کاروبار قائم کرنے کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ مالک کے امریکہ میں کام کرنے کا اختیار نہ رکھنے کے باوجود یا امریکہ کے باہر سے کاروبار چلانے کی صورت میں بھی یہ ادارہ قانونی طور پر کاروبار کرسکتا ہے۔

اس رہنما کتابچے میں ہم مندرجہ ذیل اقسام کے قانونی اداروں کے نقصانات اور فوائد کا خلاصہ پیش کرتے ہیں جنہیں ذاتی ذمہ داری کو محدود کرنے کے لئے نیو یارک میں قائم کیا جاسکتا ہے: محدود پارٹنرشپ، محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی اور کارپوریشن

اپنے کاروبار کے لئے علیحدہ قانونی حیثیت رکھنے والے ادارے کی **محدود ذمہ داری** سے فائدہ اٹھانے کے لئے:


- اپنے ذاتی اثاثہ جات کو اپنے کاروباری اثاثہ جات سے علیحدہ رکھیں
- اپنے قانونی ادارے کے لئے علیحدہ بینک اکاؤنٹ کھولیں
- معاہدوں اور اشتہاروں میں قانونی ادارے کا نام استعمال کریں (اپنے نام کے بجائے)
- ٹیکس کا علیحدہ شناختی نمبر (EIN) حاصل کریں اور حسب ضرورت اپنے قانونی ادارے کے لئے علیحدہ ٹیکس ریٹرنز فائل کریں۔

## ITIN سے کیا مراد ہے؟

جب آپ پیسے کماتے ہیں تو آپ کے لئے ٹیکس کی ادائیگی بھی ضروری ہے۔ انفرادی ٹیکس پیئر آئی ڈینٹیفیکشن نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN) انٹرنل ریونیو سروس (Internal Revenue Service, IRS) کی طرف سے ان افراد کو جاری کیا جاتا ہے جو سوشل سیکورٹی نمبر کی اہلیت نہیں رکھتے ہیں لیکن انہیں ٹیکس فائل کرنے کی ضرورت ہے۔ سوشل سیکورٹی نمبر (social security number, SSN) رکھنے والے افراد ITIN کے لئے اہل نہیں ہیں۔ آپ کے کام کرنے کا اختیار ختم کرنے کی صورت میں بھی ٹیکس فائل کرنے کے مقاصد کے لئے آپ کا SSN جائز رہتا ہے۔ اس کے علاوہ، آپ اپنے امیگریشن سٹیٹس کے قطع نظر ITIN کے ذریعے کئی مالی سہولیات تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں، جن میں کریڈٹ تک رسائی اور بینک اکاؤنٹ کھولنا شامل ہیں۔ مزید معلومات کے لئے Your Money, Your Future! A Basic Guide for Financial Education and Empowerment سے رجوع کریں، جسے مہاجرین کو ذاتی مالیات کے اختیارات کے متعلق وضاحت فراہم کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

## EIN سے کیا مراد ہے؟

وفاقی اور نیو یارک کے ریاستی ٹیکس کے مقاصد کے لئے، ملازمین رکھنے والے ہر کاروبار کے لئے آجر کا شناختی نمبر (Employee Identification Number, EIN) حاصل کرنا ضروری ہے۔ کارپوریشنز اور زیادہ تر محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنیوں (LLCs) کے لئے EIN حاصل کرنا ضروری ہے۔ عام طور پر، کوئی بھی کاروباری بینک اکاؤنٹ کھولنے کے لئے بینک کو EIN فراہم کرنا ضروری ہے۔ EIN حاصل کرنے کے لئے، کوئی بھی کاروبار IRS کو فارم نمبر SS-4 ("Application for Employer Identification Number") جمع کرواسکتا ہے یا بذریعہ فون یا انٹرنیٹ درخواست دے سکتا ہے۔




## اپنے کاروبار کی ٹیکس کی ذمہ داری سمجھیں

آپ کے امیگریشن سٹیٹس کے قطع نظر، امریکہ میں پیسے کمانے والے ہر شخص کو وفاقی، ریاستی اور مقامی حکومت کو ٹیکس کی ادائیگی کرنے کی ضرورت ہے۔ ٹیکس کی ضروریات کا انحصار کئی مختلف عناصر پر ہے، جن میں آپ کی ازدواجی حیثیت، آپ کی سالانہ آمدنی، اور ریاست نیو یارک میں آپ کی رہائش کی جگہ شامل ہیں۔


عمومی طور پر، آپ کی کاروباری ساخت جتنی غیر پیچیدہ ہوگی، آپ کی ٹیکس کی ضروریات بھی اتنی ہی غیر پیچیدہ ہوں گی۔ چند کاروباری ساختوں کی صورت میں آپ اپنے ذاتی انکم ٹیکس کے ریٹرن میں ہی اپنے کاروبار کی آمدنی شامل کرسکتے ہیں، جس سے کاروبار کے مالکان کے لیے ٹیکس کی تیاری زیادہ آسان ہوتی ہے۔

**برائے مہربانی نوٹ کریں کہ اس ہدایت نامے کا مقصد ٹیکس کی مشاورت کی فراہمی نہیں ہے۔ اپنا کاروبار کرنے والے مہاجرین کو کسی اہل ٹیکس کے پیشہ ور شخص سے ٹیکس کے سلسلے میں مشاورت حاصل کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔** نیز، وسائل کے حصے میں ان تنظیموں کا حوالہ دیا گیا ہے جو آپ کے کاروبار سے وابستہ ٹیکس کے متعلق سوالات کے سلسلے میں آپ کو معاونت فراہم کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

# دو کاروباروں کی کہانی

## محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی*

تین دوست مل کر لینڈسکیپنگ کا کاروبار شروع کرتی ہیں۔ وہ اپنے کاروبار کو بطور محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی رجسٹر کرتی ہیں۔ ان کی محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی علیحدہ قانونی حیثیت رکھتی ہے۔





ہر ممبر سٹارٹ اپ کے اخراجات پورے کرنے کے لئے $400 کی سرمایہ کاری کرتا ہے اور کمپنی بینک سے **کاروباری قرضہ** حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاتی ہے۔



کاروبار ناکام ہوجاتا ہے اور چند ماہ بعد جب اسے بند کیا جاتا ہے تو قرضہ $8,000 ہے۔




یہ نقصان محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کے ہر ممبر کے $400 اور کاروبار کے دیگر تمام اثاثہ جات تک محدود ہے۔





کاروبار کے مالکان محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کے قرضوں کے لئے ذاتی طور پر ذمہ داری نہیں ہیں اور ان کے ذاتی اثاثہ جات محفوظ رہتے ہیں۔



*ہم اس مثال میں محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کی بات کررہے ہیں لیکن اس کتابچے میں آگے چل کر دوسری اقسام کے قانونی اداروں بھی شامل ہیں جن میں ذاتی ذمہ داری محدود ہے۔

## سول پروپرائٹر

ایک سول پروٹرائٹر خود کا لینڈسکیپنگ کا کاروبار شروع کرتی ہے۔ انہیں اور ان کے کاروبار کو قانون کے تحت ایک ہی قانونی ادارہ تصور کیا جاتا ہے۔




وہ اپنی بچائی گئی رقم میں سے $400 کی سرمایہ کاری کرتی ہے اور اپنے نئے کاروبار کے لئے سامان خریدنے کے لئے **ذاتی** کریڈٹ کارڈ حاصل کرتی ہے۔




کاروبار ناکام ہوجاتا ہے، اور اس پر $8,000 کا کریڈٹ کارڈ کا قرضہ ہے۔




سول پروپرائٹر کے لگائے گئے $400 کا بھی نقصان ہوا ہے، اور وہ $8,000 کریڈٹ کارڈ کا قرضہ بمعہ سود ادا کرنے کی بھی ذمہ دار ہے۔




یہ قرضہ واپس نہ کرنے کی صورت میں کریڈٹ کارڈ کی کمپنی قرضہ اتارنے کے لئے ان کے اثاثہ جات، بشمول ان کی گاڑی، گھر، اور ذاتی سیونگز، وصول کرسکتے ہیں!



# چھ عام کاروباری ساخت

ریاست نیو یارک میں چھ عام قسم کے کاروباری ملکیت کے ماڈلز ہیں جو اپنا کاروبار شروع کرنے والے مہاجرین سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- **سول پروپرائٹرشپ**
- **عمومی پارٹنرشپ**
- **محدود پارٹنرشپ**
- **محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی (LLC)**
- **کارپوریشن**
- **ورکر کوآپریٹو**

اس رہنما کتابچے میں پہلی پانچ قسم کی کاروباری ساختوں کا جائزہ فراہم کیا گیا ہے۔ پارٹنرشپس، محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنیاں LLCs، یا کارپوریشنز کوآپریٹو قائم کرسکتے ہیں۔ اس کی خصوصی ساخت کی وجہ سے، اس کتابچے میں کوآپریٹو کی کاروباری ضروریات اور ذمہ داریوں کے متعلق تفصیلات نہیں فراہم کی گئی ہیں۔ کوآپریٹوز کے متعلق مزید معلومات کے لئے وسائل کے حصے سے رجوع کریں۔

# سول پروپرائٹرشپ

سول پروپرائٹرشپ کاروبار چلانے کے لئے سب سے آسان کاروباری ساخت ہے، اور اسے سب سے زیادہ آسانی سے قائم کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ نے کبھی بھی کسی کو سہولیات فراہم کی ہیں یا مصنوعات فروخت کی ہیں، تو آپ کو حکومت کے پاس کاغذات جمع کروائے بغیر بھی سول پروپرائٹر تصور کیا جاسکتا ہے۔ سٹارٹ اپ کے اخراجات کم ہیں کیونکہ آپ کو دوسری کاروباری ساختوں کے برعکس فیس ادا کرنے یا فارمز جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ اپنے ذاتی ٹیکس کے ریٹرن میں کاروباری آمدنی شامل کرسکتے ہیں، جس کی وجہ سے ٹیکس کی تیاری بہت آسان ہوجاتی ہے۔

## سول پروپرائٹرشپ کا خلاصہ

| | | |
|---|---|---|
| مالکان کی تعداد | **1 مالک** | یہ شخص کاروبار کا واحد مالک ہے۔ |
| سٹارٹ اپ | **شروع کرنے میں سب سے زیادہ آسان ہے** | کاروباری سرگرمیاں شروع کرتے ہی قائم ہوجاتی ہے۔ |
| فیس یا فارمز | **کوئی بھی نہیں یا بہت کم** | (*اختیاری*) عام فائلنگ کی فیس، جو کاؤنٹی کے لحاظ سے مختلف ہے۔ اپنائے گئے نام کی سند کی صورت میں، اگر کاروبار کا نام مالک کے نام سے مختلف ہو۔ |
| ٹیکس کی تیاری | **زیادہ آسان** | آپ اپنے ذاتی انکم ٹیکس کے ریٹرن کے ساتھ ہی اپنے کاروبار کی آمدنی کی رپورٹنگ کرتے ہیں۔ |
| ذمہ داری | **بہت زیادہ ذاتی مالی خطرہ** | کاروبار کا مالک کاروبار کے تمام قرضوں اور ذمہ داریوں کے لئے ذمہ داری رکھتا ہے اور ذاتی اثاثہ جات کو خطرہ ہے۔ |
| جاری ضروریات | **کوئی بھی جاری تجدید یا فائلنگز نہیں** | آپ کو سول پروپرائٹرشپ برقرار رکھنے کے لئے کسی بھی سرکاری ایجنسی کے پاس اضافی فائلنگز جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ |
| کس کے لئے موزوں ہے | الیکٹرانک مرمت کی سہولیات، لینڈسکیپرز، ہاؤس کیپرز، اساتذہ، مصنفین، اور فنکار | |

# عمومی پارٹنرشپ

عمومی پارٹنرشپ ایسے دو یا دو سے زیادہ کاروباری مالکان کے لئے موزوں ہے جو مالی ذمہ داری یا خطرہ آپس میں بانٹنے اور ایک ساتھ کاروباری فیصلے کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ یہ ان کاروبار کے مالکان کے لئے موزوں ہے جو ایک دوسرے پر بھروسہ کرتے ہیں کیونکہ ہر پارٹنر دوسرے پارٹنرز کے فیصلوں کی ذمہ داری رکھتا ہے۔

سول پروٹرائٹرشپ کی طرح، عمومی پارٹنرشپ قائم کرنے کے لئے بہت کم کاغذی کارروائی درکار ہے۔ اگر آپ نے کبھی بھی کسی دوسرے شخص کے ساتھ کاروباری سرگرمیوں میں حصہ لیا ہو اور کاروبار میں شراکت داری کی ہو تو ممکن ہے کہ آپ پہلے ہی سے عمومی پارٹنرشپ میں ہوں۔ پارٹنرز کو پارنٹرشپ کا معاہدہ تیار کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے، یہ ایک بہت اہم دستاویز ہے جس میں ہر پارٹنر کے حقوق اور ذمہ داری، ہر پارٹنر کی سرمایہ کاری، اور مسائل حل کرنے کا طریقہ کار واضح کئے جاتے ہیں۔ علاوہ اس صورت میں کہ پارٹنرشپ کا معاہدہ موجود ہو جس میں دوسری شرائط درج ہوں، تمام پارٹنز کا تمام نفع اور نقصانات میں مساوی حصہ ہے۔ **آپ کو پارٹنرشپ کا معاہدہ تیار کرنے کے سلسلے میں قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہیے۔**

سول پروپرائٹرشپ کی طرح، عمومی پارٹنرشپ میں ذاتی اثاثہ جات کو تحفظ حاصل نہیں ہے اور ایک پارٹنر کے فیصلہ کرنے کی ناقص صلاحیتوں کی وجہ سے دوسرے پارٹنر کے ذاتی اثاثہ جات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔



## پارٹنرشٹ کے معاہدے

پارٹنرشپ کا معاہدہ ایک بہت اہم معاہدہ ہے جس میں بتایا جاتا ہے کہ ہر پارٹنر کی کاروبار سے وابستہ حقوق اور ذمہ داریاں کیا کیا ہیں۔ عمومی پارٹنرشپس کی صورت میں پارٹنرشپ کے معاہدے تیار کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے، اور محدود پارٹنرشپس کی صورت میں یہ معاہدے ضروری ہیں۔ پارٹنرشپ کے معاہدے میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات فراہم کئے جاتے ہیں:

- ہر پارٹنر کتنی سرمایہ کاری کررہا ہے؟
- ہر پارٹنر کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟
- پارٹنرز فیصلے کس طرح کریں گے؟
- پارٹنرز نفع اور نقصان کس طرح تقسیم کریں گے؟
- پارٹنرز تصادم کو کس طرح حل کرتے ہیں؟
- اگر کوئی پارٹنر کاروبار چھوڑنے کا فیصلہ کرے یا کاروبار میں اپنا حصہ فروخت کرے تو کیا ہوگا؟

# عمومی پارٹنرشپ کا خلاصہ

| | | |
|---|---|---|
| مالکان کی تعداد | **2 یا 2 سے زیادہ مالکان** | پارٹنرز کاروبار کی ملکیت رکھتے ہیں۔ |
| سٹارٹ اپ | **شروع کرنے میں سب سے زیادہ آسان ہے** | کاروباری سرگرمیاں شروع ہونے کے بعد قائم ہوجاتی ہے۔ |
| فیس یا فارمز | **کوئی بھی نہیں یا بہت کم** | (*اختیاری*) عمومی فائلنگ کی فیس، جو کاؤنٹی کے لحاظ سے مختلف ہے، اپنائے گئے نام کی سند کے لئے، اگر کاروبار کا نام مالک کے نام سے مختلف ہے۔ پارٹنرشپ کے معاہدے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ |
| ٹیکس کی تیاری | **زیادہ آسان** | پارٹنرز اپنے ذاتی انکم ٹیکس کے ریٹرن میں کاروباری آمدنی کی تفصیلات فراہم کرتے ہیں۔ پارٹنرشپ کے لئے معلومات ریٹرن بھی فائل کرنا چاہیے۔ |
| ذمہ داری | **بہت زیادہ ذاتی مالی خطرہ** | ہر پارٹنر کو دوسرے پارٹنرز کے اقدام کے لئے ذاتی طور پر ذمہ دار ٹھہرایا جاسکتا ہے۔ ذاتی اثاثہ جات کو خطرہ ہے۔ |
| جاری ضروریات | **کوئی بھی جاری تجدید یا فائلنگز نہیں** | آپ کو اپنے کاروبار کی قانونی حیثیت برقرار رکھنے کے لئے حکومت کے پاس کچھ بھی جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ |
| کس کے لئے موزوں ہے | خاندانی کاروبار • دیرینہ تعلقات اور ایک دوسرے پر بھروسہ کرنے والے پارٹنرز۔ | |

# محدود پارٹنرشپ

محدود پارٹنرشپ میں دو قسم کے مالکان ہوتے ہیں: ایک عمومی پارٹنر اور ایک محدود پارٹنر۔ **عمومی پارٹنر** سول پروپرائٹرشپ یا عمومی پارٹنرشپ کے مالک کے طرح کی کام کرتا ہے، یعنی کہ وہ محدود پارٹنرشپ کا کاروبار سنبھالتے ہیں، معاہدے کرتے ہیں، فیصلے لیتے ہیں، اور پارٹنرشپ کی طرف سے اقدام کرتے ہیں۔

**محدود پارٹنر** غیرفعال سرمایہ کار ہے۔ وہ سرمایہ کاری کرتے ہیں اور نفع میں ان کا حصہ ہوتا ہے، لیکن وہ کاروبار کے روزمرہ عملیات چلانے یا پارٹنرشپ کی طرف سے اقدام کرنے سے قاصر ہیں۔ عمومی پارٹنرز کے برعکس، محدود پارٹنر کے ذاتی اثاثہ جات کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ محدود پارٹنرز کی ذمہ داری کاروبار میں لگائی گئی رقم تک محدود ہے۔

سول پروپرائٹرشپ یا عمومی پارٹنرشپ کے مقابلے میں محدود پارٹنرشپ کی صورت میں زیادہ کاغذی کارروائی درکار ہوتی ہے کیونکہ آپ کو نیو یارک کے Department of State (DOS) کے پاس کاغذات جمع کروانے اور متعلقہ فیس کی ادائیگی کی ضرورت ہے۔ یہ کاروباری ساخت ان مالکان کے لئے موزوں ہے جن کے پاس ایسے سرمایہ کار ہیں جو کاروبار چلانا نہیں چاہتے اور نہ ہی عمومی پارٹنر کے کاروباری فیصلوں کے کی ذمہ داری اٹھانا چاہتے ہیں۔ محدود پارٹنرشپ کی شرائط کو پارٹنرشپ کے معاہدے میں درج کرنا ضروری ہے (صفحہ 17 سے رجوع کریں)۔



## اخبار میں اعلان

محدود پارٹنرشپس اور محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنیوں کو چھ متواتر ہفتوں تک دو علیحدہ اخبارات میں اپنے کاروبار کے قیام کی اطلاع شائع کرنے کی ضرورت ہے۔ کاؤنٹی کے لحاظ سے، اخبار میں اشاعت کے اخراجات بہت مہنگے ثابت ہوسکتے ہیں۔

| عمومی پارٹنر | محدود پارٹنر |
|---|---|
| سرمایہ کاری کرتے ہیں اور نفع میں اپنا حصہ موصول کرتے ہیں | سرمایہ کاری کرتے ہیں اور نفع میں اپنا حصہ موصول کرتے ہیں |
| کاروبار کا انتظام کرتے ہیں اور فیصلے لیتے ہیں | کاروبار کا انتظام نہیں کرتے ہیں |
| پارٹنرشپ کی طرف سے اقدام کرتے ہیں | پارٹنرشپ کی طرف سے اقدام نہیں کرسکتے |
| کاروبار کے قرضوں کے لئے ذاتی طور پر ذمہ دار ہیں۔ (کاروبار کا مالک عمومی پارٹنر کی حیثیت سے خدمات انجام دینے کے لئے علیحدہ قانونی ادارہ قائم کرسکتا ہے، لیکن اس سے مزید پیچیدگی پیدا ہوتی ہے۔) | ذاتی اثاثہ جات محفوظ ہیں۔ مالی خطرہ ابتدائی سرمایہ کاری تک محدود ہے۔ |

## محدود پارٹنرشپ کا خلاصہ

| | | |
|---|---|---|
| مالکان کی تعداد | **2 یا 2 سے زیادہ مالکان** | دو قسم کے مالکان موجود ہیں، اور ان میں سے کم از کم ایک ضروری ہے: عمومی پارٹنر اور محدود پارٹنر۔ |
| سٹارٹ اپ | **شروع کرنے کے لئے زیادہ کوشش درکار ہے** | قائم کرنے کے لئے درکار دستاویزات:<br>◄ محدود پارٹنرشپ کی سند<br>◄ اشاعت کی سند اور اشاعت کے ایفیڈیوٹس (اخبار میں اشاعت کے بعد) |
| فیس یا فارمز | **کچھ حد تک مہنگا** | $200 فائلنگ کی فیس، $50 اشاعت کی سند کی فائلنگ کی فیس، اور $600-$1,200 اخبار میں اشاعت کی عمومی لاگت۔ پارٹنرشپ کے معاہدے کی ضرورت ہے۔ |
| ٹیکس کی تیاری | **زیادہ آسان** | آپ اپنے ذاتی انکم ٹیکس کے ریٹرن کے ساتھ ہی اپنے کاروبار کی آمدنی کی رپورٹنگ کرتے ہیں۔ پارٹنرشپ کے لئے معلومات ریٹرن بھی فائل کرنا چاہیے۔ |
| ذمہ داری | **عمومی پارٹنرز کے لئے زیادہ ذاتی خطرہ** | ہر عمومی پارٹنر کاروبار کے قرضوں کے لئے ذاتی طور پر ذمہ داری رکھتا ہے۔ محدود پارٹنر کی ذمہ داری کاروبار میں سرمایہ کاری کی حد تک محفوظ ہے۔ |
| جاری ضروریات | **ہاں** | تحریری پارٹنرشپ کے معاہدے کی ضرورت ہے اور اس پر عمومی پارٹنرز کے دستخط ہونا ضروری ہیں۔ |
| کس کے لئے موزوں ہے | خود کا کاروبار شروع کرنے والے ایسے افراد جو سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں لیکن جو فیصلے لینا اور ذمہ داری اٹھانا نہیں چاہتے۔ | |

# محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی

محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی محدود ذمہ داری یا کم ذاتی مالی فوائد پیش کرتی ہے، جو سول پروپرائٹرشپ اور پارٹنرشپ کی ساختوں کے مقابلے میں بہت بڑا فائدہ ہے۔ قانون کے مطابق، یہ کاروبار مالک (مالکان) سے علیحدہ قانونی حیثیت رکھتا ہے اور تمام مالک (مالکان) کے ذاتی اثاثہ جات کو تحفظ حاصل ہے۔ محدود ذمہ داری برقرار رکھنے کے لئے، مالکان کو محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کے لئے علیحدہ بینک اکاؤنٹ کھولنا چاہیے، محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی میں اس قدر سرمایہ کاری کرنی چاہیے کہ وہ اپنے اخراجات خود برداشت کرے، اپنے ذاتی اثاثہ جات کو کاروباری باری اثاثہ جات سے علیحدہ رکھنا چاہیے، اور محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کی رقم کو ذاتی اخراجات کے لئے استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔

مالکان، جنہیں محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی میں ممبران کہا جاتا ہے، کاروبار کا خود انتظام کرسکتے ہیں یا اسے چلانے کے لئے مینیجرز نامزد کرسکتے ہیں۔ مینیجرز کو ملازمین تصور کیا جاسکتا ہے، جس وجہ سے ان کے پاس کام کرنے کے لئے اختیار رکھنا ضروری ہے۔ **اس سلسلے میں قانون عدم یقینی کا شکار ہے، لہٰذا کام کرنے کا اختیار نہ رکھنے والے افراد کو محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کے مالک ہونے کے باوجود بھی اس محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی LLC کے مینیجر کے طور پر نامزد ہونے سے پہلے قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہیے۔**

کسی محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی LLC کے ممبران منتخب کرسکتے ہیں کہ محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی LLC کے قیام کے بعد اس پر ٹیکس کا اطلاق کس طرح ہوگا۔ علاوہ اس صورت میں کہ IRS کے پاس کاغذات جمع کروائے جائیں جن کے مطابق محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی پر کارپوریش کی طرح ٹیکس کا اطلاق ہوگا، ممکن ہے کہ مالکان اپنے ذاتی ٹیکس کے ریٹرنز میں ہی کاروباری آمدنی شامل کریں گے۔ **محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کے ممبران کو اپنے اختیارات کے متعلق کسی ٹیکس کے ماہر سے مشورہ حاصل کرنا چاہیے۔**



## عملیاتی معاہدہ

عملیاتی معاہدہ محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنیوں میں استعمال ہونے والا اہم دستاویز ہے، جس میں اس کے ممبران، مینیجرز، ملازمین یا ایجنٹس کے حقوق، اختیارات، اور ذمہ داریوں کا تعین کیا جاتا ہے۔ عملیاتی معاہدہ تنظیم کے دستاویزات فائل کرتے وقت یا فائل کرنے کے 90 روز کے اندر طے کیا جاسکتا ہے۔

## محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کا خلاصہ

| | | |
|---|---|---|
| مالکان کی تعداد | 1 یا 1 سے زیادہ مالکان | محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنیوں میں ایک ایسا ممبر ہوسکتا ہے جو مالک بھی ہو، یا ملکیت رکھنے والے کئی مالکان بھی ہوسکتے ہیں۔ |
| سٹارٹ اپ | شروع کرنے کے لئے زیادہ کوشش درکار ہے | قائم کرنے کے لئے درکار دستاویزات:<br>◀ تنظیم کے دستاویزات<br>◀ اشاعت کی سند اور اشاعت کی ایفیڈیوٹس (ضروری اخبار کی اشاعت کے بعد) |
| فیس یا فارمز | مہنگا | تنظیم کے دستاویزات کے لئے $200 فائلنگ کی فیس، اشاعت کی سند کے لئے $50 فائلنگ کی فیس، اور اخبار میں اشاعت کے عمومی اخراجات $600-$1,200۔ عملیاتی معاہدے کی ضرورت ہے۔ |
| ٹیکس کی تیاری | کچھ حد تک پیچیدہ | محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی LLC میں کاروباری ساخت اور ممبران کی تعداد کے لحاظ سے کئی مختلف اختیارات ہوسکتے ہیں۔ |
| ذمہ داری | کم ذمہ داری / مالی خطرہ | کاروبار مالک(مالکین) سے علیحدہ قانونی حیثیت رکھنے والا ادارہ ہے۔ مالکان کی ذمہ داری محدود ہے، اور صرف کاروبار میں مالی سرمایہ کاری کی حد تک ذمہ داری رکھتے ہیں۔ |
| جاری ضروریات | ہاں - جاری ریکارڈ رکھنے کی ضروریات | ◀ تنظیم کی سند فائل کرنے کے 90 روز کے اندر عملیاتی معاہدہ اپنائیں۔<br>◀ *(اختیاری)* ممبران/مینیجرز کی میٹنگز منعقد کریں<br>◀ مخصوص محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی LLC اور ٹیکس کے دستاویزات کے ریکارڈز برقرار رکھیں<br>◀ ہر دو سال بعد پتے کی تصدیق یا تجدید کے لئے بیان فائل کریں |
| کس کے لئے موزوں ہے | ایسے مالکان جو اپنے ذاتی سیونگز اور رقم کو اپنے کاروبار سے علیحدہ رکھنا چاہتے ہیں اور جاری ضروریات کا انتظام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ | |


# کارپوریشن

کارپوریشن عام طور پر کئی مالکان رکھنے والے بڑے کاروباروں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ اس میں شیئرز جاری کرنے کا اختیار موجود ہے۔ ایک شیئر کاروبار میں ملکیت کی نمائندگی کرتا ہے۔ کارپوریشن تخلیق کرنے کے لئے بہت زیادہ کاغذی کارروائی درکار ہے اور اس کے جاری اخراجات اور قانونی ضروریات بھی بہت زیادہ ہیں۔

ہر کارپوریشن میں ضمنی قوانین، بورڈ آف ڈائریکٹرز اور افسران ہونا ضروری ہیں۔ کارپوریشن کے قیام کے بعد، شیئر ہولڈرز کو ضمنی قوانین اپنانے اور ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنے کے لئے انتظامی میٹنگ منعقد کرنے کی ضرورت ہے۔ کوئی بھی چھوٹا کاروبار شروع کرنے والے انٹراپرینیور کے لئے کارپوریشن مناسب کاروباری ساخت نہیں ہے۔ محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی سے چھوٹے کاروبار کے مالک کو کارپوریشن کے تمام فوائد کے علاوہ کم پیچیدگی، زیادہ لچک اور زیادہ آسان انتظام بھی میسر ہیں۔

نیز، یہ کارپوریٹ ساخت کام کرنے کا اختیار نہ رکھنے والے خود کا کاروبار کرنے والے مہاجرین کے لئے زیادہ مشکل ثابت ہوتا ہے۔ اگر خود کا کاروبار کرنے والا شخص کارپوریشن کے افسر کے طور پر کاروبار چلارہا ہے، یا اسے کارپوریشن کی طرف سے تنخواہ موصول ہورہی ہے، تو ان کا ملازم تصور کئے جانے کا امکان ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ آپ کا کاروبار تمام قابل اطلاق قوانین، بشمول ریاستی اور وفاقی قوانین، کے مطابق قائم کیا گیا ہے اور چلایا جارہا ہے، اپنے کاروباری منصوبہ جات تیار کرتے وقت قانونی مشاورت ضرور حاصل کریں۔ کارپوریشنز کے ٹیکس کی صورتحال پیچیدہ ہے اور اس رہنما کتابچے کے دائرہ کار میں شامل نہیں ہے۔

## کارپوریٹ ساخت




کوئی ایسا شخص جس سے کاروبار میں شیئرز(حصص) خریدے ہوں اور جو خریدے جانے والے شیئرز(حصص) کی تعداد کے مطابق کمپنی میں کچھ فیصد حصے کی ملکیت رکھتا ہے۔ جب کارپوریشن قائم کی جاتی ہے، تو عام طور پر اس کے مالکان اس کے ابتدائی شیئر ہولڈرز بھی ہوتے ہیں۔

شیئر ہولڈرز کے مفاد کی نمائندگی کرنے کے لئے منتخب کردہ افراد کا گروہ۔ ڈائریکٹرز بھی شیئر ہولڈرز ہوسکتے ہیں، لیکن ایسا ضروری نہیں ہے۔ بورڈ میں کم از کم ایک ڈائریکٹر ہونا ضروری ہے۔ ڈائریکٹرز نگرانی اور کمپنی کے اہم مسائل کے متعلق فیصلے کرنے کی ذمہ داری رکھتے ہیں۔

روزمرہ کاروباری عملیات کی ذمہ داری رکھتے ہیں اور ان کے پاس کاروبار سے تعلق رکھنے والی سرگرمیوں کا اختیار موجود ہے۔ **افسران کو قانون کے تحت ملازمین تصور کیا جاسکتا ہے، اور ممکن ہے کہ ان کے لئے امریکہ میں کام کرنے کے لئے قانونی حیثیت ثابت کرنے کی ضرورت پیش آئے۔**

## کارپوریشن کا خلاصہ

| | | |
|---|---|---|
| مالکان کی تعداد | **1 یا 1 سے زیادہ مالکان** | کارپوریشن کے عام طور پر کئی مالکان ہوتے ہیں، جنہیں شیئر ہولڈرز کہا جاتا ہے، لیکن انہیں صرف ایک شیئرہولڈر کے ساتھ بھی قائم کیا جاسکتا ہے۔ |
| سٹارٹ اپ | **شروع کرنے کے لئے بہت زیادہ کوشش کرنے کی ضرورت ہے** | انکارپوریشن کی سند فائل کرنے کے بعد، ضروری ضمنی قوانین اپنانے اور بورڈ آف ڈائریکٹر(ز) کے انتخاب کے لئے تنظیمی میٹنگ منعقد کرنا ضروری ہے۔ |
| فیس یا فارمز | **بہت زیادہ مہنگا** | کارپوریشن شروع کرنے کے لئے انکاروپوریشن کی سند کے لئے 125$ کی فائلنگ کی فیس۔ ممکن ہے کہ کارپوریشن قائم کرنے کی وجہ سے قابل قدر قانونی اور اکاؤنٹنگ فیس کی ادائیگی کرنے کی ضرورت ہو۔ |
| ٹیکس کی تیاری | **بہت زیادہ پیچیدہ** | کاروبار کے مالکان کو ٹیکس کی ذمہ داریاں سمجھنے کے لئے ٹیکس میں پیشہ ورانہ مہارت رکھنے والے شخص سے مشورہ کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔ |
| ذمہ داری | **بہت کم ذمہ داری / مالی خطرہ** | کاروبار مالک(مالکین) سے علیحدہ قانونی حیثیت رکھنے والا ادارہ ہے۔ مالکان کی ذمہ داری ان کی کاروبار میں مالی سرمایہ کاری تک محدود ہے۔ |
| جاری ضروریات | **ہاں – سخت جاری ضروریات** | ◀ سالانہ اور خصوصی شیئرہولڈر میٹنگز<br>◀ عمومی اور خصوصی بورڈ آف ڈائریکٹر(ز) کی میٹنگز<br>◀ کارپوریٹ، ٹیکس دستاویزات کے لئے منٹس اور ریکارڈز برقرار رکھیں<br>◀ ہر دو سال بعد پتے کی تصدیق یا تجدید کے لئے بیان فائل کریں |
| کس کے لئے موزوں ہے | کئی مالکان رکھنے والے بڑے کاروبار جنہیں وافر مقدار میں سرمایہ کاری کی ضرورت ہے اور جو شیئرز جاری اور فروخت کرنا چاہتے ہیں۔ | |

# فوری موازنہ - آپ کے لئے کونسی کاروباری ساخت صحیح رہے گی؟


| | سول پروپرائٹرشپ | عمومی پارٹنرشپ | محدود پارٹنرشپ | محدود ذمہ داری کمپنی | کارپوریشن |
|---|---|---|---|---|---|
| تعداد مالکان | 1 مالک | 2 یا 2 سے زیادہ پارٹنر یا پارٹنز | 2 یا 2 سے زیادہ عمومی اور محدود پارٹنرز | 1 یا 1 سے زیادہ ممبر یا ممبران | 1 سے زیادہ شیئرہولڈرز |
| سٹارٹ اپ طریقہ | آسان | آسان | کچھ حد تک مشکل | کچھ حد تک مشکل | بہت زیادہ مشکل |
| فیس/ فارمز | کوئی نہیں/ بہت کم | کوئی نہیں/ بہت کم | کچھ حد تک مہنگا | کچھ حد تک مہنگا | بہت زیادہ مہنگا |
| ٹیکس کی تیاری | زیادہ آسان | کچھ حد تک | کچھ حد تک | کچھ حد | بہت زیادہ پیچیدہ |
| ذاتی ذمہ داری | بہت زیادہ | بہت زیادہ | بہت زیادہ عمومی پارٹنرز کے لئے | محدود | محدود |
| جاری ضروریات | کوئی نہیں | کوئی نہیں | کچھ | کچھ | وسیع |

# ورکر کوآپریٹو

ورکر کو آپریٹو ایک انوویٹو کاروباری ماڈل ہے جہاں ملازمین کاروبار میں ملکیت رکھتے ہیں اور اس کا انتظام کرتے ہیں۔ ملازمین عام طور پر کو آپریٹو میں شامل ہونے کے لئے رقم کی ادائیگی کرتے ہیں، جس کے بعد انہیں نفع میں اپنی سرمایہ کاری کے مطابق حصہ دیا جاتا ہے۔ اس ماڈل میں ہر ملازم کے پاس قرضوں کی منظوری، معاہدوں اور نئے ممبران کی شمولیت جیسے اہم کاروباری فیصلوں کے حوالے سے یکساں ووٹنگ کا اختیار رکھتے ہیں۔

اس رہنما کتابچے میں پہلے بیان کردہ کاروباری ساخت، بشمول پارٹنرشپ، محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی یا کارپوریشن، کو آپریٹو قائم کرسکتے ہیں۔ عام طور پر کو آپریٹو اس وجہ سے محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کی ساخت کا استعمال کرتے ہیں کیونکہ اس میں زیادہ لچک میسر ہے، کارپوریشن کے مقابلے میں قیام اور برقراری کے اخراجات کم ہیں، اور یہ پارٹنرشپس سے زیادہ مالکان کے لئے مناسب ہے۔ محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی کے کوآپریٹو میں ممبران کی ذمہ داری محدود ہے۔ کو آپریٹوز کے ذریعے قانونی حیثیت نہ رکھنے والے مہاجرین کو انفرادی طور پر کام کرنے کی صورت میں معاوضے کی چوری یا دیگر زیادتیوں کے خلاف تحفظ فراہم کیا جاسکتا ہے۔

نیو یارک ریاست میں ایک خصوصی Worker Cooperative Corporation Law ہے جسے ممبرشپ، شیئرز اور نفع و نقصان کی تقسیم سے وابستہ قواعد اور خصوصی حیثیت کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔ مزید معلومات کے لئے اس رہنما کتابچے کے وسائل کے حصے سے رجوع کریں۔



# تعریفیں

**ایفیڈیوٹ**
ایک تحریری اور دستخط شدہ بیان جس کی کسی ایسے شخص نے تصدیق کی ہے جسے قانون کے تحت ایسا کرنے کی اجازت ہو، جیسے کہ نوٹری۔

**بورڈ آف ڈائریکٹرز**
کسی کارپوریشن میں شیئر ہولڈرز کی نمائندگی کرنے، کاروبار کی عمومی نگرانی اور اہم فیصلے لینے کے لئے منتخب کردہ افراد۔

**کلائنٹ**
کسی آزادانہ ٹھیکے دار سے سہولیات موصول کرنے والا شخص یا کاروبار۔

**انٹراپرنیور**
خود کا کاروبار منظم اور چلانے والا کوئی بھی شخص۔

**آجر**
ایسا کوئی بھی شخص یا کاروبار جو کسی دوسرے شخص کے معاوضے اور ملازمت کے سٹیٹس کے لئے ذمہ دار ہو۔

**انفرادی ٹیکس پیئر کا شناختی نمبر (Individual Taxpayer Identification Number, ITIN)**
انٹرنل ریوینیو سروس کی طرف سے ان افراد کو جاری کردہ نمبر جو سوشل سیکورٹی کے نمبر کی اہلیت نہیں رکھتے ہیں لیکن جنہیں ٹیکس ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

**انٹرنل ریوینیو سروس (Internal Revenue Service, IRS)**
وفاقی ٹیکسز وصول کرنے کی ذمہ داری رکھنے والی وفاقی حکومتی ایجنسی۔

**ذمہ داری**
کسی کاروبار سے وابستہ قانونی یا مالی ذمہ داری یا خطرے کی مقدار۔

**ممبر**
محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی (LLC) میں مالکان کو ممبران کہا جاتا ہے۔

**افسران**
افسران کارپوریشن کے روزمرہ عملیات چلاتے ہیں۔ افسران ورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے نامزد کئے جاتے ہیں، اور کارپوریشن کے بانی، مالکان یا مخصوص ملازمین ہوسکتے ہیں۔

**پارٹنرشپ**
ایک ایسی کاروباری ساخت جس میں دو یا دو سے زیادہ افراد کاروبار میں ملکیت رکھتے ہیں۔ عمومی پارٹنرشپ میں پارٹنرز انتظامی ذمہ داریاں اور کاروبار کے نفع اور نقصان تقسیم کرتے ہیں۔ محدود پارٹنرشپ میں کچھ پارٹنرز کاروبار چلاتے ہیں اور باقی صرف سرمایہ کاری کرتے ہیں، لیکن تمام پارٹنر کاروبار کے مالکان ہیں۔

**پروپرائٹر**
کاروبار کا مالک۔

**شیئر ہولڈرز**
شیئر ہولڈر سے مراد وہ شخص ہے جس نے کسی کمپنی یا کارپوریشن میں شیئرز خریدے ہیں۔ شیئر ہولڈرز کارپوریشن میں سرمایہ کاری کے حجم کے مطابق حصہ رکھتے ہیں۔

# اہم دستاویزات

### تنظیم کے دستاویزات
محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی (LLC) قائم کرنے کے لئے ضروری دستاویز جس میں محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی LLC کا نام، کاؤنٹی اور پتہ درج ہو۔ محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی LLC تنظیم کے دستاویزات فائل کرتے وقت، یا فائلنگ کی تاریخ کے 60 روز کے اندر، تنظیم کے دستاویزات میں واضح کردہ وقت قائم کی جاتی ہے۔
*ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ کے پاس جمع کروایا جاتا ہے*
◀ **محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی**

### ہر دو سال بعد فائل کیا جانے والا بیان
ہر دو سال بعد ریاست نیو یارک میں قائم کردہ محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنیوں LLCs اور کارپوریشنز کو یہ بیان فائل کرنے اور کاروباری پتے کی تصدیق یا تجدید کے لئے 9$ کی فائلنگ فیس جمع کرنے کی ضرورت ہے۔
*ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ کے پاس جمع کروایا جاتا ہے*
◀ **محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی** ◀ **کارپوریشن**

### ضمنی قوانین
ایک ایسا تحریری دستاویز جس میں کارپوریشن کے عملیات کا طریقہ کار درج ہو۔ اس معلومات میں ڈائریکٹرز منتخب کرنے کا طریقہ، میٹنگز منعقد کرنے کا طریقہ، اور شیئرہولڈرز، ڈائریکٹرز اور افسران کی ذمہ داریاں اور اختیارات شامل ہیں۔
*کارپوریشن کو اس کی ایک نقل رکھنا ضروری ہے۔*
◀ **کارپوریشن**

### اپنائے گئے نام کی سند
اس فارم کی صرف اسی وقت ضرورت پیش آتی ہے اگر کاروبار کا نام کاروبار کے مالک کے نام سے مختلف ہو۔
*کاؤنٹی کلرک کے پاس جمع کروایا جاتا ہے*
◀ **سول پروپرائٹرشپ** ◀ **عمومی پارٹنرشپ**
◀ **ایسا کوئی بھی ادارہ جو اپنے قانونی نام سے مختلف نام کے تحت کام کرتا ہو**

### انکارپوریشن کی سند
ایک ایسا دستاویز جس میں کارپوریشن کا نام اور پتہ درج ہو۔ کارپوریشن کا وجود انکارپوریشن کی سند فائل کرنے کی تاریخ یا انکارپوریشن کی سند میں واضح تاریخ (فائلنگ کی تاریخ کے 90 روز کے اندر) شروع ہوجاتا ہے۔
◀ **کارپوریشن**

### محدود پارٹنرشپ کی سند
ایک ایسا فارم جس میں محدود پارٹنرشپ کے معاہدہ کرنے والے پارٹنرز کے نام اور معلومات دج ہوں۔
*ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ کے پاس جمع کروایا جاتا ہے*
◀ **محدود پارٹنرشپ**

### اشاعت کی سند
ایفیڈیوٹس کے ساتھ جمع کردہ فارم جس میں واضح کیا جاتا ہے کہ آپ نے محدود پارٹنرشپ یا محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی LLC شروع کرنے کی ضروریات پوری کرنے کے لئے اخبار میں اشاعت کی ضرورت کی تعمیل کی ہے (صفحات 19 اور 22 سے رجوع کریں)۔ اشاعت کی سند کو محدود پارٹنرشپ کی سند یا تنظیم کے دستاویزات جمع کرنے کے 120 روز کے اندر جمع کروانا ضروری ہے۔
*ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ کے پاس جمع کروایا جاتا ہے*
◀ **محدود پارٹنرشپ**
◀ **محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی**

### I-9، ملازمت کی اہلیت کی تصدیق کا فارم
تمام ملازمین کے لئے ضروری فارم جس کے ذریعے امریکہ میں قانونی طور پر کام کرنے کے اختیار کا ثبوت موجود ہو۔ آپ کے آجر کو فارم نمبر I-9 حاصل کرکے اسے مجاز امریکی حکومت کے افسران کے معائنے کے لئے دستیاب رکھنے کی ضرورت ہے۔

### عملیاتی معاہدہ
اس میں ممبران، مینیجرز، ملازمین، یا ایجنٹس کے حقوق، اختیارات، ذمہ داریوں، ترجیحات، یا پابندیوں کا تعین کیا جاتا ہے۔ عملیاتی معاہدہ تنظیم کے دستاویزات جمع کروانے سے پہلے یا 90 روز کے اندر شروع کیا جاسکتا ہے۔
*محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی LLC کے لئے اس کی ایک نقل رکھنا ضروری ہے۔*
◀ **محدود ذمہ داری رکھنے والی کمپنی**

### پارٹنرشپ کا معاہدہ
یہ معاہدہ عمومی پارٹنرشپ کے لئے تجویز کردہ اور محدود پارٹنرشپ کے لئے ضروری ہے، اس میں کاروباری پارٹنرز کے درمیان انتظامات، حقوق اور ذمہ داریاں واضح کی جاتی ہیں اور ان کے ثبوت کے طور پر کام کرتا ہے۔
◀ **عمومی پارٹنرشپ** ◀ **محدود پارٹنرشپ**

# وسائل

## ریاست نیو یارک کی حکومتی ایجنسیاں:

**وزارت خارجہ (Department of state) کارپوریشن کا شعبہ، سٹیٹ ریکارڈز (State Records) اور یونیفارم تجارتی کوڈ (UCC)**

www.dos.ny.gov/corps/

ریاست نیو یارک میں کاروبار کھولنے یا وسیع کرنے کے لئے ضروری فارمز اور دیگر قانونی دستاویزات کے متعلق معلومات اور ٹیمپلیٹس۔

**امپائر سٹیٹ ڈیوالپمنٹ (Empire State Development) Entrepreneurial Asstaince program**

esd.ny.gov/entrepreneurial-assistance-program

Entrepreneurial Assistance Program (EAP) کے تحت ریاست نیو یارک بھر میں مقامی کمیونٹیز میں EAP کے مراکز قائم کئے جاتے ہیں تاکہ حال ہی میں خود کا کاروبار شروع کرنے والے یا کاروبار شروع کرنے میں دلچسپی رکھنے والے افراد کو تربیت، تکنیکی معاونت اور معاونتی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

**آفس برائے نئے امیریکن (Office of New Americans, ONA)**
1-800-566-7636

www.newamericans.ny.gov/business

Office of New Americans نے ریاست نیو یارک میں27 مواقع کے مراکز قائم کئے ہیں تاکہ مہاجرین کو تعلیمی اور مالی وسائل بشمول چھوٹے کاروباروں کے سلسلے میں معاونت فراہم کی جاسکے۔

**ترقی سینٹر برائے چھوٹے کاروبار (SBDC)**
1-800-732-7232

www.nyssbdc.com

24 علاقائی مراکز پر مشتمل نیٹورک کے ذریعے New York State Small Business Development Center (NYS SBDC) نیو یارک کے ان رہائشیوں کو اعلی معیار کی مفت یا کم قیمت کاروبار مشاورت اور تربیت فراہم کرتے ہیں جو اپنا کاروباری شروع کرنا چاہتے ہیں یا کسی موجودہ کاروباری میں بہتری لانا چاہتے ہیں۔

## NYC کی حکومتی ایجنسیاں:

**صارفین کے معاملات کا شعبہ (Department of Consumer Affairs)، آفس فائننشیل امپاورمنٹ (Office Financial Empowerment)**

https://www.nycservice.org/initiatives/

مالی تعلیم اور مشاورت جس کا مقصد کم آمدنی رکھنے والے نیو یارک کے رہائشیوں کو اختیار اور تحفظ کی فراہمی ہے، جو اپنے اثاثہ جات میں اضافہ اور اپنے مالی وسائل سے بہترین فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ محفوظ اور کم قیمت مین سٹریم بینکنگ اور آمدنی میں اضافہ کرنے والے ٹیکس کریڈٹس کے متعلق معلومات شامل ہے۔

**چھوٹے کاروبار کی خدمات (Small Business Services, SBS)**

https://www1.nyc.gov/nycbusiness/

نیو یارک شہر میں کاروبار قائم کرنے، چلانے، یا بڑھانے میں دلچسپی رکھنے والے افراد کے لئے مفت کورسز، ورک شاپس، مشاورت اور معاونت۔

**SBS امیگرینٹ بزنس انیشی ایٹو (SBS Immigrant Business Initiative)**

www1.nyc.gov/nycbusiness/article/immigrant-business-initiative

SBS پورے نیو یارک بھر میں کئی زبانوں میں اور بلامعاوضہ کاروبار کے کورسز، مالی معاونت، بالکل مفت قانونی سہولیات، اور دیگر کئی سہولیات فراہم کرتے ہیں۔

## NYC کی تنظیمیں:

**برکین پبلک لائبریری، چھوٹے تاجروں کی خدمات اور بزنس Brooklyn Public Library, Small Business) (and Entrepreneur Services**

www.bklynlibrary.org/business/small-business

بروکلن میں کئی مقامات میں انگریزی، ہسپانوی، روسی اور کریول زبانوں میں کاروبار قائم کرنے، چلانے اور بڑھانے کے متعلق وسائل، ورک شاپس، کلاسیں اور انفرادی معاونت۔

**بزنس آوٹ ریچ سینٹر نیٹ ورک Business Outreach Center Network,) (BOCNET**

www.bocnet.org

چھوٹے پیمانے اور چھوٹے کاروبار کی ترقی کی تنظیم کو برانکس، پروکلن، مین ہیٹن، کوئنز، سٹیٹن آئی لینڈ کی پسماندہ کمیونٹیز کو ذاتی کاروباری سہولیات، بشمول چھوٹے کاروباروں کے لئے قرضے، گھر پر بچوں کی دیکھ بھال، 'Business American-Style' کی ورک شاپس، اور -Refugee Micro Enterprise Project، فراہم کرتے ہیں۔

**CAMBA چھوٹے کاروبار کی خدمات (CAMBA Small Business Services)**
718-287-2600

www.camba.org

انفرادی مشاورت، چھوٹے کاروباروں کے لئے ورک شاپس، کاروباری مشاورت، دوسرے چھوٹے کاروباروں کو آگے بڑھانے کے پارٹنرز کے ساتھ تعلقات اور کاروباری قرضے۔

**کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹ (Community Development Project)، قانونی ایڈ سوسائٹی (The Legal Aid Society)**
212-426-3000

www.legalaidnyc.org/civil-practice-pro-bono-projects

پانچوں قصبوں میں وکلاء اور کلائنٹ کی اہلیت رکھنے وال افراد کے لئے تربیت منعقد کرواتے ہیں۔ موضوعات میں چھوٹا کاروبار شروع کرنا، تجارتی لیز پر دستخط کرنا، کاروباری اور ذاتی اثاثہ جات کا تحفظ

# وسائل

شامل ہیں۔ تربیت انگریزی اور ہسپانوی زبانوں میں فراہم کی جاتی ہے۔

### Center for Urban Pedagogy (CUP) تنظیم برائے

www.welcometocup.org

پیچیدہ پالیسیوں اور کارروائیوں کی وضاحت کرنے والے کتابچوں کی اشاعت، بشمول A Guide to Worker Co-Ops in NYC۔

### Hebrew Free Loan Society تنظیم برائے

www.hfls.org/loan-programs/microenterprise/

نیو یارک شہر، لانگ آئی لینڈ، اور ویسٹ چیسٹر کے کم اور درمیانی آمدنی رکھنے والے رہائشیوں کو کاروباری شروع کرنے یا بڑھانے کے لئے سود سے پاک چھوٹے پیمانے کے اداروں کو قرضے۔

### ہمسائے کے تاجروں کے قانون کا پروجیکٹ (Neighborhood Entrepreneur Law Project)، نیویارک بار جسٹس سینٹر (NYC Bar Justice Center)

212-382-6633 (مرکزی)

212-626-7383 (مفت قانونی ہاٹ لائن)

nelp@nycbar.org

درمیانی آمدنی رکھنے والے چھوٹے پیمانے پر کاروبار شروع کرنے والے افراد کو کاروبار شروع کرنے کے لئے قانونی سہولیات کی فراہمی، جس میں ٹیکس کے مسائل، معاہدے، تجارتی لیز کے مذاکرات، کاپی رائٹس، ٹریڈمارکس، اور پیٹنٹس شامل ہیں۔

### Renaissance Economic Development Corporation تنظیم برائے

www.renaissance-ny.org

Community Development Financial Institution جو نیو یارک شہر میں مہاجرین، کم اور درمیانی آمدنی رکھنے والی کمیونٹیز کو کم سود پر مشتمل سود اور کاروباری شروع کرنے کے متعلق تربیتی پروگرامز کے ذریعے تبدیلی کرنے کا عہد رکھتے ہیں۔

### Volunteers of Legal Services تنظیم برائے

347-521-5729

www.volsprobono.org/projects/microenterprise-project

چھوٹے کاروبار کے مالکان اور چھوٹے پیمانے پر اپنا کاروبار شروع کرنے والے افراد کو وقف شدہ عملے اور بلامعاوضہ کام کرنے والے وکلاء کے نیٹورک سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اعلی معیار اور مفت قانونی سہولت تک رسائی حاصل کرنے میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔

## نیو یارک شہر میں کو آپریٹوز کے لئے وسائل:

### آربن جسٹس سینٹر میں کمیونٹی ترقیاتی منصوبے (Community Development Project, CDP)

cdp.urbanjustice.org

ورکر کو آپریٹوز کے متعلق قانونی مشاورت اور وسائل، بشمول تکنیکی معاونت اور دستاویزات کی نظرثانی۔

### Green Workers Coop تنظیم برائے

www.greenworker.coop

پانچ مہینے کی مدت رکھنے والا تربیتی اور معاونتی پروگرام پیش کرتے ہیں جس کے ذریعے خود کا کاروباری شروع کرنے کی خواہش رکھنے والے افراد کی ٹیمز کو ملازمت کی ملکیت رکھنے والے ماحول دوست کاروبار قائم کرنے میں معاونت فراہم کی جاتی ہے، ان پروگرامز کے ذریعے تربیت، کوچنگ اور تکنیکی معاونت کا جارحانہ امتزاج پیش کیا جاتا ہے۔

### New York City Network of Worker Cooperatives (NYC NOWC) ورکر کو آپریٹوز برائے

212-390-8178 (ہاٹ لائن)

www.nycworker.coop

ورکر کو آپریٹوز اور کو آپریٹو کی کاروباری صلاحیتوں کے متعلق لیڈرشپ میں اضافہ، تربیت، ورک شاپس، کاروباری معاونت، اور تکنیکی معاونت۔

### Workers Justice Project - تنظیم برائے Make The Road New York

347-889-6347

www.workersjustice.org

مہاجرین کے حقوق کی تنظیم دوسرے مسائل کے علاوہ ملازمین کی ملکیت رکھنے والے ورکر کو آپریٹوز کی افزائش، معاونت اور فروغ کے ذریعے پائیدار ملازمتوں کی تخلیق کے لئے کام کرتی ہے۔

## آن لائن ٹولز:

### نیویارک بزنس ایکسپریس (New York Business Express)

www.businessexpress.ny.gov

آپ کو آپ کی کاروباری اور پیشہ ورانہ ضروریات کے متعلق رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ سوال نامہ پر کریں، اور کاروباری وزرڈ آپ کو اپنا کاروبار شروع کرنے کے لئے تمام ضروری اشیاء پر مشتمل فہرست پیش کرے گا۔

### نیویارک بزنس پورٹل (NYC Business Portal)

www1.nyc.gov/nycbusiness

**مرحلہ وار سوال نامہ**

مرحلہ وار سوال نامہ مکمل کرنے کے بعد آپ کو آپ کی مطلوبہ صنعت کی بنیاد پر اپنا کاروباری شروع کرنے اور چلانے کے لئے ممکنہ طور پر ضروری شہر، ریاستی اور وفاقی لائسنسز اور اجازت ناموں کی فہرست موصول ہوگی۔

**مراعات کا اندازہ فراہم کرنے کا ٹول**

ایک سوال نامہ مکمل کرنے کے بعد آپ کو ممکنہ حکومتی مراعات اور ٹیکس کریڈٹ کی فہرست فراہم کی جائے گي جس کے لئے آپ اہل ہوسکتے ہیں۔